## راولپنڈی میں گکھڑ پلازہ میں آتشزدگی اور پلازہ کے منہدم ہونے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

## واقع کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اس کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کی جائے، صدر اور وزیر اعظم سے مطالبہ

لندن۔۔20دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں گکھڑ پلازہ میں آتشزدگی اور پلازہ کے منہدم ہونے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقع کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اس کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کی جائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے واقع میں جاں بحق ہونے والے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران و کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔جناب الطاف حسین نے واقع میں زخمی ہونے والے افراد کیلئے جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شاکر علی کے والد اور سابق حق پرست مشیر وزیر اعلیٰ سندھ منظور حسن کے بھائی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20،دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شاکر علی کے والد حاجی احسان علی اور سابق حق پرست مشیر وزیر اعلیٰ سندھ منظور حسن کے بھائی سید مسعود پرویز کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست عوام تنویر ذکی کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔20،دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈپٹی الیکشن کمشنر سندھ تنویر ذکی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ تنویر ذکی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## حق پرست عوام عدالتی وقانونی معاملات لندن فیکس کرنے سے گریز کریں، رابطہ کمیٹی

## کارکنان تنظیمی معاملات کے حوالہ سے ایک صفحہ پر مشتمل مختصر فیکس کریں اور اپنا نام اور رابطہ نمبر ضرور تحریر کریں

کراچی۔۔۔20،دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے حق پرست منتخب نمائندگان سے رابطہ کریں اور عدالتی وقانونی معاملات انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فیکس کرنے سے گریز کریں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے متعدد مرتبہ یہ بیان اخبارات کو جاری کیا جا چکا ہے کہ ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں شادی بیاہ، طلاق، گھریلو و خاندانی جھگڑے، پلاٹ، مکان اور زمینوں پر قبضے، مکان مالک اور کرائے دار کے جھگڑے، رقم کی لین دین یا کاروباری جھگڑے اور سول عدالتوں میں زیر سماعت معاملات نہیں دیکھے جاتے اس کے باوجود ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں مذکورہ بالا مسائل کے حوالہ سے فیکس موصول ہو رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں طویل صفحات پر مشتمل فیکس کو پڑھنا ممکن نہیں ہے اور مذکورہ بالا مسائل صرف منتخب نمائندگان کے ذریعہ ہی دیکھے جاتے ہیں لہٰذا حق پرست عوام ان مسائل کے حوالہ سے لندن فیکس کرنے کے بجائے حق پرست منتخب نمائندگان سے رابطہ کریں اور عدالتی وقانونی معاملات لندن فیکس کرنے سے گریز کریں۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان و ذمہ داران کی جانب سے تنظیمی معاملات کے حوالہ سے کئی کئی صفحات پر مبنی فیکس موصول ہو رہے ہیں جن کے بغور مطالعہ کیلئے ایک طویل وقت درکار ہوتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان پر زور دیا کہ وہ تنظیمی معاملات کے حوالہ سے ایک صفحہ پر مشتمل مختصر فیکس کریں اور فیکس میں اپنا نام اور رابطہ نمبر ضرور تحریر کریں۔

## ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔20، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ فلٹر پلانٹ گھارو کے کارکن سید اعجاز مصطفیٰ کی والدہ محترمہ حاجرہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

## سابق حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سید شاکر علی، سابق مشیر وزیر اعلیٰ سندھ منظور حسن، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن، اے پی ایم ایس او اور لیبر ڈویژن کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔20، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شاکر علی کے والد حاجی احسان علی، سابق مشیر وزیر اعلیٰ سندھ منظور حسن کے بھائی سید مسعود پرویز، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن نعیم احمد کے والد الطاف احمد، اے پی ایم ایس او سیکٹر بی یونٹ پریمئر کالج کے کارکن فرخ عظیم کے والد علی احمد اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن گلبرگ ٹاؤن کے کارکن شفیق کی والدہ محترمہ تہذیب بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆

سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شاکر علی کے والد حاجی احسان اور سابق مشیر وزیر اعلیٰ سندھ منظور حسن کے بھائی سید مسعود پرویز انتقال کر گئے

مرحومین کو میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، وزراء، اراکین اسمبلی اور کارکنان کی شرکت

کراچی ۔۔۔20، دسمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شاکر علی کے والد حاجی احسان علی اور سابق مشیر وزیر اعلیٰ سندھ منظور حسن کے بھائی سید مسعود پرویز انتقال کر گئے۔حاجی احسان علی مرحوم کی عمر 68 سال تھی اور وہ شدید علالت کے باعث مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے انہوں نے اپنے سوگواران میں 8 بیٹے اور 4 بیٹیاں چھوڑیں ہیں جبکہ سید مسعود پرویز مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور وہ شوگر اور عارضہ قلب میں مبتلا تھے انہوں نے اپنے سوگواران میں بیوہ سمیت دو بیٹے چھوڑے ہیں۔سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شاکر علی کے والد حاجی احسان علی مرحوم اور سابق مشیر وزیر اعلیٰ سندھ منظور حسن کے بھائی سید مسعود پرویز کو میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد، حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی، فیصل سبزواری، مشیر خواجہ اظہار الحسن، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی انور عالم، خالد بن ولایت، امام الدین شہزاد، معین خان، حق پرست ٹاؤن ناظم اختر حسین، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر اور نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆